روزنامہ

فکرِ سندھ

پبلیکیشن

سکھر/کراچی

ایڈیٹر

رحمت اللہ برڑو

03082206434

(جلد نمبر 01) جمعرات 27 اکتوبر 2022ء 30 ربیع الاول 1444ھ (قیمت 10 روپے) شمارہ 332

آذر بائیجان میں ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن کا 23 واں اجلاس

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں چین، جاپان، آذربائیجان، پاکستان، ترکی، انڈونیشیا سمیت 25 ممالک کے محتسبین کی شرکت

اجلاس میں کئی نئے اقدامات اٹھانے اور مزید ممالک کو ممبر بنانے کی منظوری، اگلے سال تارستان میں جنرل اسمبلی کی میٹنگ منعقد کرانے کا بھی فیصلہ

کراچی (رپورٹ. رحمت اللہ برڑو) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی باکو آذربائیجان میں ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن کی میٹنگ کے بعد وطن واپس پہنچ گئے، جہاں انہوں نے گزشتہ ہفتے ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (اے او اے) کے صدر کی حیثیت سے اے او اے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تیئیسویں 23) (اجلاس کی صدارت کی، جس میں چین، جاپان، آذربائیجان، پاکستان، ترکی، انڈونیشیا، ایران، ہانگ کانگ اور کوریا سمیت 25 ممالک کے محتسبین نے شرکت کی۔ یہ اجلاس اس اعتبار سے بھی نہایت اہم تھا کہ کووڈ 19 - کے باعث دو سال کے بعد منعقد ہوا۔ اس میں کئی نئے اقدامات اٹھانے اور مزید ممالک کو ممبر بنانے کی منظوری بھی دی گئی نیز اگلے سال تارستان میں جنرل اسمبلی کی میٹنگ منعقد کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ وفاقی محتسب نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ ان مشکل برسوں کے دوران وفاقی محتسب سیکرٹریٹ اسلام آباد میں قائم ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن کے ہیڈ آفس نے کام جاری رکھا اور ایسوسی ایشین کے فیصلوں پر عملدرآمد کی بھرپور کوشش کی۔ آذربائیجان کے کمشنر برائے انسانی حقوق (محتسب) کے دفتر کے قیام کی 20 ویں سالگرہ کے موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے حکومت آذربائیجان کی دعوت پر بطور مہمان خصوصی بھی شرکت کی اور پاکستان میں انسانی حقوق کے تحفظ کے حوالے سے محتسب آفس کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا۔ باکو میں ہونے والے اس انٹرنیشنل سمپوزیم کو پریس اور میڈیا میں بھرپور کوریج دی گئی۔ ترکی کے چیف امبڈسمن اور او آئی سی کی جنرل اسمبلی کے صدر سیرف مالکوک نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کو فیڈرل ٹیکس امبڈسمن کے دفتر واقع اسلام آباد میں 2014 میں قائم ہونے والے او آئی سی امبڈسمن سیکرٹریٹ کو زیادہ فعال بنانے کے لئے رہنمائی فراہم کرنے اور اسے ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن کی کارکردگی کے برابر لانے کے لئے تعاون کی خصوصی درخواست کی نیز اس سلسلے میں ایک ٹاسک فورس کا قیام بھی عمل میں لایا گیا۔ مجموعی طور پر باکو، آذربائیجان میں ہونے والے تمام اجلاس نیز مختلف ممالک کے وفود کے سربراہان کے ساتھ ملاقاتیں انتہائی مفید رہیں جو باہمی تعاون اور ایک دوسرے کے کام کرنے کے طریق کار کو سمجھنے اور تجربات سے فائدہ اٹھانے کے سلسلے میں بے حد کارآمد ثابت ہوں گی۔